روزنامہ
FR-10
1913ء سے جاری شدہ

الفضل

The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

سوموار 18۔اپریل 2016ء 10رجب 1437ہجری 18شہادت 1395ہش جلد 66-101 نمبر 88

شیطانی وساوس سے بچنے کی دعا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اور تو کہہ کہ اے میرے رب! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

(المومنون:98)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں بار بار کہہ چکا ہوں کہ جس قدر کوئی شخص قرب حاصل کرتا ہے، اسی قدر مؤاخذہ کے قابل ہے۔ اہل بیت زیادہ مؤاخذہ کے لائق تھے۔ وہ لوگ جو دور ہیں، وہ قابل مؤاخذہ نہیں، لیکن تم ضرور ہو۔ اگر تم میں ان پر کوئی ایمانی زیادتی نہیں، تو تم میں اور ان میں کیا فرق ہوا۔ تم ہزاروں کے زیر نظر ہو۔ وہ لوگ گورنمنٹ کے جاسوسوں کی طرح تمہاری حرکات وسکنات کو دیکھ رہے ہیں۔ وہ سچے ہیں۔...... موت ایک ایسا ناگزیر امر ہے جو ہر شخص کو پیش آتا ہے۔ جب یہ حالت ہے، تو پھر آپ کیوں غافل ہیں۔ جب کوئی شخص مجھ سے تعلق نہیں رکھتا، تو یہ امر دوسرا ہے،...... تذلل اور انکساری کی زندگی کوئی شخص اختیار نہیں کرسکتا جب تک کہ اللہ تعالیٰ اس کی مدد نہ کرے۔ اپنے آپ کو ٹٹولو اور اگر بچہ کی طرح اپنے آپ کو کمزور پاؤ، تو گھبراؤ نہیں اھدنا الصراط ...... کی دعا...... جاری رکھو۔ راتوں کو اٹھو اور دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ تم کو اپنی راہ دکھلائے۔ آنحضرت ﷺ کے صحابہ نے بھی تدریجاً تربیت پائی۔ وہ پہلے کیا تھے۔ ایک کسان کی تخم ریزی کی طرح تھے۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آبپاشی کی۔ آپ نے ان کے لئے دعائیں کیں۔ بیج صحیح تھا اور زمین عمدہ تو اس آبپاشی سے پھل عمدہ نکلا۔ جس طرح حضور علیہ السلام چلتے اسی طرح وہ چلتے۔ وہ دن کا یا رات کا انتظار نہ کرتے تھے۔ تم لوگ سچے دل سے توبہ کرو، تہجد میں اٹھو، دعا کرو، دل کو درست کرو، کمزوریوں کو چھوڑ دو اور خدا تعالیٰ کی رضا کے مطابق اپنے قول وفعل کو بناؤ۔ یقین رکھو کہ جو اس نصیحت کو ورد بنائے گا اور عملی طور سے دعا کرے گا اور عملی طور پر التجا خدا کے سامنے لائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر فضل کرے گا اور اس کے دل میں تبدیلی ہوگی۔ خدا تعالیٰ سے ناامید مت ہو۔ ع

بر کریماں کارہا دشوار نیست

بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم کو کیا کوئی ولی بننا ہے؟ افسوس انہوں نے کچھ قدر نہ کی بے شک انسان نے (خدا کا) ولی بننا ہے۔ اگر وہ صراط مستقیم پر چلے گا، تو خدا بھی اس کی طرف چلے گا اور پھر ایک جگہ پر اس کی ملاقات ہوگی۔ اس کی اس طرف حرکت خواہ آہستہ ہوگی، لیکن اس کے مقابل خدا تعالیٰ کی حرکت بہت جلد ہوگی؛ چنانچہ یہ آیت اسی طرف اشارہ کرتی ہے۔ والذین جاھدوا ...... (العنکبوت :70) سو جو جو باتیں میں نے آج وصیت کی ہیں، ان کو یاد رکھو کہ ان ہی پر مدار نجات ہے۔ تمہارے معاملات خدا اور خلق کے ساتھ ایسے ہونے چاہئیں۔ جن میں رضا الٰہی مطلق ہی ہو۔......

(تقریر حضرت مسیح موعود 25دسمبر 1897ء)

دین کی اشاعت کیلئے وقف کرو

حضرت مصلح موعود خطبہ جمعہ فرمودہ 23 ستمبر 1955ء میں فرماتے ہیں:۔

''خدا نے تمہارے لئے بڑی بڑی عزتیں رکھی ہیں۔ تم خدا پر توکل کرو اور اس کے دین کی اشاعت کے لئے اپنے آپ کو وقف کرو۔ وہ دینے پر آتا ہے تو وہ کچھ دے دیتا ہے کہ انسان اسے دیکھ کر حیران رہ جاتا ہے۔''

(بحوالہ الفضل 22۔اکتوبر 1955ء)

مخلص نوجوان لبیک کہتے ہوئے قدم آگے بڑھائیں اور اپنے آپ کو وقف کیلئے پیش کریں۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

نمایاں کامیابی

مکرم محمد سلیم شاہد صاحب نائب امیر ضلع قصور تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے میری بیٹی مکرمہ مہوش سلیم صاحبہ ایم ایس فزکس میں CGPA 3.95/4 کے ساتھ یونیورسٹی میں اول اور گولڈ میڈل کی حقدار قرار پائی ہے۔

جبکہ دوسری بیٹی مکرمہ زوبیہ سلیم صاحبہ نے ایم ایس فزکس میں 3.90/4CGPA لے کر یونیورسٹی میں دوم پوزیشن حاصل کی ہے۔ دونوں بیٹیوں کو (Roll Of Honor) دیا جائے گا۔

مہوش سلیم کو B.S (Hons) Physics میں بھی یونیورسٹی کی طرف سے گولڈ میڈل اور رول آف آنر دیا گیا تھا۔

زوبیہ سلیم صاحبہ کو International Conference on Solid State Physics (3-17 Dec 2015) Held in Punjab Uninversity, Lahore میں Poster Presentation میں اول انعام بھی ملا ہے۔ دعا کی درخواست ہے۔ اللہ کریم مزید کامیابیوں سے نوازے۔ دین و دنیا کی حسنات عطا فرماوے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

سالانہ تقریب تقسیم اسناد 2016ء

مدرسۃ الحفظ طالبات وعائشہ دینیات اکیڈمی ربوہ

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مورخہ 16 مارچ 2016ء کو شام پانچ بجے عائشہ دینیات اکیڈمی و مدرسۃ الحفظ طالبات ربوہ کی بائیسویں سالانہ تقریب تقسیم اسناد اور انعامات مدرسۃ الحفظ طلباء کے سبزہ زار میں محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس بیگم صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ پاکستان کی زیرصدارت منعقد ہوئی۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد مکرمہ حافظہ رفیعہ صداقت صاحبہ نے سالانہ رپورٹ پیش کی۔

مدرسۃ الحفظ طالبات

رپورٹ میں انہوں نے بتایا کہ 17 مارچ 1993ء کو مدرسۃ الحفظ طالبات اور دینیات کلاس کا قیام عمل میں آیا۔

مدرسۃ الحفظ طالبات میں قرآن کریم حفظ کرنے کے لئے 3 سال اور دہرائی کیلئے مزید 6 ماہ کا عرصہ مقرر ہے۔ دو مرتبہ دہرائی کرنے کے بعد طالبات کا امتحان ادارہ میں لیا جاتا ہے۔ مکرم حافظ مبارک احمد ثانی صاحب پرنسپل مدرسۃ الحفظ طلباء ایکسٹرنل ایگزامیز (External Examiner) فائنل امتحان لیتے ہیں۔ امتحان میں کامیاب ہونے والی طالبہ کو حافظہ کی سند دی جاتی ہے۔ اس سال 17 طالبات نے قرآن کریم حفظ کیا۔ اس طرح ادارہ کے قیام سے لے کر اب تک فارغ التحصیل حافظات کی تعداد 356 ہوچکی ہے۔ سال 12-2011ء سے ادارہ میں ’’رحمۃ للعالمین‘‘ ایوارڈ کا اجراء ہوچکا ہے۔ یہ انعام 25 ہزار روپے نقد رقم پر مشتمل ہے۔

سال 2014ء سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اس انعام کی تعداد تین ہوگئی ہے۔ اول 25 ہزار روپے، دوم 15 ہزار روپے اور سوم کو 10 ہزار روپے انعام دیا جاتا ہے۔ جو کم عرصہ حفظ، دہرائی نیز فائنل ٹیسٹ میں مجموعی طور پر سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والی طالبہ کو دیا جاتا ہے۔ اس سال اول حافظ امۃ الوکیل صاحبہ بنت مکرم عبدالستار صاحب نصیر آباد غالب ربوہ، دوم حافظہ نصرت اعجاز صاحبہ بنت مکرم اعجاز احمد صاحب شکور پارک ربوہ اور سوم حافظہ فریحہ شاہد صاحبہ بنت مکرم محمد شاہد صاحب دارالیمن غربی شکر ربوہ قرار پائیں۔

دینیات کلاس

اکیڈمی کا دوسرا حصہ دینیات کلاس ہے۔ اس کلاس کے نصاب کا دورانیہ دو سال ہے۔ یہ نصاب چار سمیسٹرز میں مکمل کروایا جاتا ہے۔ ہر سمیسٹر کا امتحان الگ الگ لیا جاتا ہے اور الگ الگ سند دی جاتی ہے۔ دینیات کلاس کی اس سال 11 طالبات نے یہ کورس مکمل کیا۔ اس طرح فارغ التحصیل طالبات کی کل تعداد 184 ہوگئی ہے۔

رپورٹ کے بعد مکرمہ مہمان خصوصی صاحبہ نے حفظ مکمل کرنے والی نیز دینیات کلاس کی کامیاب طالبات میں اسناد و انعامات تقسیم کئے۔ آخر میں سب کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سب حافظات اور دینیات کلاس کی بچیوں کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آمین

فہرست حافظات 16-2015ء

نمبر شمار	نام حافظات	ولدیت	عرصہ حفظ
1	امۃ الوکیل	مکرم عبدالستار صاحب ربوہ	1 سال 6 ماہ 16 دن
2	نصرت اعجاز	مکرم اعجاز احمد صاحب ربوہ	1 سال 7 ماہ 27 دن
3	فریحہ شاہد	مکرم محمد شاہد صاحب ربوہ	1 سال 8 ماہ 7 دن
4	سبیکہ احسان	مکرم احسان الٰہی ربوہ	1 سال 8 ماہ 11 دن
5	شاہنیلہ شفیق	مکرم شفیق احمد صاحب ربوہ	1 سال 8 ماہ 13 دن
6	نایاب اظہر	مکرم اظہر احمد صاحب ربوہ	1 سال 8 ماہ 19 دن
7	رغیبہ محمود	مکرم افضل محمود صاحب ربوہ	1 سال 8 ماہ 19 دن
8	عطیۃ الحی	مکرم عبداللہ کامران صاحب ربوہ	1 سال 8 ماہ 19 دن
9	حفصۃ البشریٰ	مکرم طاہر احمد صاحب ربوہ	1 سال 8 ماہ 24 دن
10	عائشہ نصیر	مکرم نصیر احمد صاحب ربوہ	2 سال 2 ماہ 19 دن
11	ماریہ طاہر	مکرم طاہر محمود صاحب ربوہ	2 سال 4 ماہ 11 دن
12	سلمانہ منور	مکرم منور احمد صاحب ربوہ	2 سال 6 ماہ 14 دن
13	عیشاء گوہر	مکرم مظفر احمد صاحب	2 سال 9 ماہ 8 دن
14	ملیحہ سطوت	مکرم خلیل احمد صاحب ربوہ	2 سال 9 ماہ 9 دن
15	عنبرین صباحت	مکرم اسداللہ صاحب ربوہ	2 سال 9 ماہ 16 دن
16	رغیبہ افتخار	مکرم افتخار احمد صاحب ربوہ	3 سال 15 دن
17	سیدہ صائمہ	مکرم سید اکبر حسین شاہ صاحب ربوہ	3 سال 19 دن

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

سالانہ اجتماع 2016ء واقفین نو، یوکے 28 فروری 2016ء

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب کا خلاصہ

مورخہ 28 فروری 2016ء کو جماعت احمدیہ برطانیہ کے واقفین نو کا سالانہ اجتماع بیت الفتوح لندن میں منعقد ہوا۔ جس میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس رونق افروز ہوئے اور خطاب بھی فرمایا۔ اجتماع کی حاضری 1500 سے زائد رہی، جس میں 1260 سے زائد واقفین نو شامل ہوئے۔

حضور انور نے فرمایا:

’’بطور واقف نو آپ کو جماعت کی ضروریات اور ڈیمانڈ ذہن میں رکھنی چاہئے اور ان ضروریات کے پیش نظر بھرپور محنت سے تعلیم حاصل کریں اور اپنی کوشش کو انتہا تک پہنچادیں‘‘۔

میڈیسن کے حوالہ سے حضور انور نے فرمایا کہ ڈاکٹرز اور میڈیکل کے شعبہ کے دیگر ماہرین کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ نہ صرف جماعت کی خدمت کرسکتے ہیں بلکہ وہ انسانیت کی خدمت بھی کرسکتے ہیں۔ حضور انور نے اس بات پر بھی زور دیا کہ واقفین نو بچوں کے لئے محض معیاری دنیاوی تعلیم حاصل کرلینا ہی کافی نہیں ہے۔

حضور انور نے فرمایا:

’’میں اس بات کو بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ محض دنیوی تعلیم ہی حاصل کرنا کافی نہیں بلکہ بطور واقف نو ہونے کے ناطے آپ سے ہمیں اس سے کہیں زیادہ توقعات وابستہ ہیں۔ مختصراً واقف نو کے ذاتی کردار میں حقیقی دینی تعلیمات سے مکمل مطابقت ہونی چاہئے۔ آپ کا معیار ہمیشہ روحانی اور اخلاقی اعتبار سے بہترین ہونا چاہئے‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے واقفین نو بچوں کو اپنی نمازوں میں باقاعدہ ہونے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ان کا اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم ہو۔ حضور انور فرماتے ہیں کہ واقف نو لڑکوں کو چاہئے کہ

’’وہ بہترین نمونہ پیش کریں تاکہ لوگ آپ میں اور دوسروں میں واضح فرق محسوس کرسکیں‘‘۔

حضور انور نے فرمایا:

’’ایک اور بہت بڑا گناہ جس کے متعلق اللہ تعالیٰ ہمیں خبردار کرتا ہے وہ جھوٹ ہے۔ حالات خواہ کیسے بھی ہوں ہر احمدی کو جھوٹ سے بچنا چاہئے اور خاص طور پر واقفین نو کو چاہئے کہ دیانتداری، سچائی اور امانت کی اعلیٰ مثالیں قائم کریں۔ یہ چیز بنیادی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ آپ لوگوں نے معاشرے کی روحانی اصلاح کا بیڑہ اٹھایا ہے۔ ایک واقف نو کے لئے یہ انتہائی اہم ہے کہ ہر حال میں مکمل سچائی سے کام لے‘‘۔

دعاؤں کی حقیقت، برکات وثمرات نیز قبولیت دعا کے بارے میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے پُر معارف ارشادات

پاک اعمال کے ساتھ جب دعائیں جلوے دکھاتی ہیں تو زرخیز زمین پر بارش نازل ہونے لگتی ہے

سورۃ فاتحہ کی دعا تمام دعاؤں پر حاوی ہے

ایک دوست نے مجھ سے یہ سوال کیا کہ میں نماز میں اپنے بچوں کے لئے، اپنے والدین کے لئے اور فلاں کے لئے اور فلاں کے لئے اپنی مالی مشکلات کے لئے اور اپنی فلاں فلاں باتوں کے لئے دعا کرنا چاہتا ہوں۔ اس کا کیا طریق ہے میں کس طرح دعا کروں؟ میں نے اس سے کہا تم نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھتے ہو۔ اس میں ایک آیت ہے ایاك نعبد اور ساتھ ہی ہے ایاك نستعین اس کے مضمون کو آپ سمجھ لیں تو دنیا کا کوئی بھی امکانی پہلو نہیں ہے جس پر یہ دعا حاوی نہ ہو لیکن اس کے مفہوم کو سمجھنا ضروری ہے۔......

ایاك نعبد میں ایک دعا کے رنگ میں یہ پیغام ہے کہ اے خدا! ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیری ہی عبادت کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے اندر دونوں پہلو آجاتے ہیں۔ نعبد میں ایک مستقبل کا پہلو ہے کہ ہم تیری ہی عبادت کریں گے ہم نے فیصلہ کرلیا ہے اور کسی کی عبادت نہیں کریں گے۔ یعنی ہم یہ چاہتے ہیں کہ تیرے سوا کسی کی عبادت نہ کریں۔ دوسرا پہلو ہے تیرے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے۔ اس کے نتیجہ میں کیا ہوتا ہے؟ اس کے نتیجہ میں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ عبادت کا حق تو ہم ادا نہیں کر سکتے، ہم کمزور ہیں۔ چنانچہ حضرت مسیح موعودؑ نے یہ عارفانہ نکتہ بیان فرمایا ہے کہ مومن کا دماغ اس طرف چلا جاتا ہے کہ یہ نماز تو ہم سے کھڑی نہیں ہوتی۔ کئی قسم کے تفکرات اور کئی قسم کے خیالات دل کو گھیر لیتے ہیں، کئی اور کام ہوتے ہیں جن کے کرنے کی جلدی ہوتی ہے توجہ اس طرف پھر جاتی ہے۔ کئی ظاہری دلچسپیاں ہیں جو بت بن کر سامنے کھڑی ہو جاتی ہیں۔ انسان ایک مصیبت میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ نماز میں توجہ کیسے قائم رکھے؟ تو معاً اس کا جواب یہ دیا ایاك نستعین اے ہمارے آقا! مدد بھی تو تجھ سے ہی چاہتے ہیں اور ہمیشہ تجھ سے ہی چاہیں گے، کسی اور کی طرف دھیان نہیں دیں گے اور مدد کے لئے نہیں پکاریں گے۔ اس لئے اگر ہم اپنے خلوص دل کے ساتھ تیری عبادت پر قائم ہونا چاہتے ہیں تو پھر اے ہمارے معبود! تو مالک اور بااختیار ہے۔ ہم تو مالک اور بااختیار نہیں۔ ہم ابھی کہہ آئے ہیں کہ تو ہی مالک ہے تیرے سوا کوئی مالک نہیں تو پھر اے خدا ہمیں عبادت کی توفیق عطا فرما۔ مدد بھی تجھ سے ہی مانگتے ہیں۔ تو ہماری گرتی ہوئی نمازوں کو کھڑا کردے۔ تو ہمارے ڈوبتے ہوئے دلوں کو حوصلہ دے اور اپنی عبادت کے تقاضے پورے کرنے کی توفیق بخش۔ ایاك نعبد کی دعا کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ ہم نے تو اب صرف تیری عبادت کرنی ہے۔ باقی سب جھوٹے خدا ہیں ہم نے ان کو چھوڑ دیا ہے۔ کوئی بت باقی نہیں رہنے دیا، کسی دوسری چیز کا کوئی سہارا نہیں ڈھونڈا۔ اب ہم جائیں تو کہاں جائیں۔ ہم تو مشکل میں پڑے ہوئے ہیں۔ ہمیں تو مصیبتیں لاحق ہیں۔ اب تیرے سوا ہمارا کون ہے؟ ہم تجھے چھوڑ کر کہاں جائیں؟ جب ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے سامنے جھکتے ہیں تو پھر ہماری ضرورتوں کو بھی تو ہی پورا فرما۔ اس کے لئے یہ دعا ساتھ ہی سکھا دی۔ ایاك نستعین ہم تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں۔ اب غور کریں کہ یہ دعا جب دوسری شکل اختیار کرتی ہے۔ یعنی ایاك نعبد کے بعد ایاك نستعین میں ڈھل جاتی ہے تو زندگی کی کون سی مشکل ہے جس پر یہ دعا چسپاں نہیں ہوتی؟ کوئی بیماری لاحق ہو، کوئی مشکل درپیش ہو، سفر میں حضر میں کوئی مصیبت پیش آجائے، مثلاً چلتے چلتے موٹر خراب ہو جائے تب بھی آپ ایاك نعبد و ایاك نستعین کی دعا کے ذریعہ مسائل حل کرا سکتے ہیں۔ کوئی عزیز بیمار ہو، ایمانی کمزوری کا ڈر ہو، مالی مشکلات کا سامنا ہو، کسی کی ترقی کی راہ میں رکاوٹیں حائل ہوں۔ مقدمات کے مسائل دامن گیر ہوں، کئی قسم کی پریشانیاں ہیں جو ہزار رنگ میں انسان کو گھیر لیتی ہیں۔ غرض کوئی مشکل ہو یا مصیبت پیش آجائے ہر موقع پر ایک رنگ میں انسان کو گھیر لیتی ہیں۔ غرض کوئی مشکل ہو یا مصیبت پیش آجائے ہر موقع پر ایک عبادت گزار کی نجات کی راہ ایاك نعبد و ایاك نستعین میں موجود ہے۔

(خطبہ جمعہ 20؍اگست 1982ء)

خدا کو پانے کے لئے خود خدا سے دعا کریں

انسان جب کبھی اللہ سے ہدایت پانے کے لئے دعا کرتا ہے تو اللہ اس کی پکار سن کر جواب دیتا ہے۔ چنانچہ قرآن کریم کہتا ہے کہ سارے انسانوں کو خوشخبری ہو کہ خدا نے وعدہ کیا ہے کہ جب تم مجھے پکارو گے اور مجھے ڈھونڈو گے تو میں تمہیں ہدایت کی طرف رستہ دکھاؤں گا۔ فرماتا ہے:

والذین جاھدوا فینا ......

(العنکبوت:70)

پھر فرماتا ہے:

واذا سالك عبادی عنی ......(البقرہ:187)

خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ لوگ جو مجھے تلاش کرنا چاہتے ہیں مجھ پر فرض ہے کہ میں ان کو اپنا رستہ دکھاؤں، اپنا قرب عطا کروں۔ کیونکہ انسان تو کمزور ہے لیکن خدا اور خالق اور مالک اور GOD اور پرماتما اور پرمیشور (جو نام آپ اس کا رکھیں) وہ تو کمزور نہیں۔ اس کو پتہ ہے میں کہاں ہوں۔ انسان اس کو ڈھونڈ ہی نہیں سکتا جب تک وہ خود نہ بتائے۔ اس لئے خدا نے اپنے آپ کو ظاہر کرنے کی اپنے اوپر ذمہ داری ڈالی۔ چنانچہ خدا کہتا ہے کہ تم نے میرے پاس آنا ہے تو مجھ سے پوچھو۔ میں کہاں ہوں بجائے اس کے کہ لوگوں سے پوچھتے رہو۔ پنڈت کے پاس جاؤ کبھی پادری کے پاس جاؤ اور ان سے پوچھو کہ میں کہاں ہوں۔ تم کہاں کہاں دھکے کھاؤ گے، کس کس دروازے کی بھیک مانگو گے، کس کس دکان پر پہنچ کر تلاشیاں لو گے کہ خدا ہے یا نہیں۔ خدا فرماتا ہے تم مجھے آواز دو میں تمہاری آواز کو سنتا ہوں۔ میں ہر جگہ موجود ہوں۔ میں تمہاری آواز کا جواب دوں گا۔ میں تمہیں بتاؤں گا کہ میں کہاں ہوں اور کس طرح مل سکتا ہوں۔ میں تمہیں ہدایت دوں گا تم سے پیار شروع کردوں گا۔

پس یہ تو بالکل الٹ قصہ نکلا۔ خدا کا پانا جتنا مشکل نظر آرہا تھا اتنا ہی یہ تو بہت ہی آسان ہو گیا کہ انسان کا کام ہے دعا کرے اور خدا سے پوچھے کہ اے خدا! تو کہاں ہے۔ خدا کہتا ہے اے میرے بندو! تم مجھے بلاؤ تو سہی میں تمہارے پاس ہوں گا اور تمہاری پکار کا جواب دوں گا۔ چنانچہ قرآن کریم سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ خدا بچوں سے بھی پیار کرتا ہے اور بوڑھوں سے بھی۔ کالوں سے بھی پیار کرتا ہے اور گوروں سے بھی۔ وہ سب کا خدا ہے۔ اس لئے یہ نسخہ میں آپ کو بتانے کے لئے آیا ہوں کہ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ اللہ کہاں ہے؟ اللہ سے پوچھنے کی عادت ڈالئے۔ اگر چھوٹے چھوٹے بچے بچپن میں ہی کسی چھوٹی بڑی مشکل یا مصیبت کے وقت خدا کو پکاریں۔ مثلاً کسی کی پنسل بھی گم ہو جائے اور وہ پیار سے، یقین سے دعا کرے کہ اے میرے خدا! مجھے تو کوئی طاقت نہیں۔ مجھے تو اپنی پنسل کا بھی پتہ نہیں کہاں گئی۔ تو میری مدد فرما۔ پھر وہ دیکھے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرماتا ہے۔ وہ حیران ہو جائے گا کہ خدا کتنا پیار کرنے والا ہے۔ چھوٹے چھوٹے بچوں سے بھی پیار کرتا ہے۔

آسان، یقینی اور معقول راستہ

اسی طرح جب آپ بچپن سے اپنے خدا سے محبت کرنا سیکھ جائیں گے، پیار کرنا سیکھ جائیں گے اللہ تعالیٰ آپ سے محبت و پیار شروع کردے گا۔ پھر یہ خدا کی ذمہ داری ہے کہ آپ کو مرنے نہ دے جب تک اپنا رستہ نہ دکھا دے۔ اس سے زیادہ آسان، اس سے زیادہ یقینی اور اس سے زیادہ معقول رستہ خدا تک پہنچنے کا کوئی نہیں۔ اس لئے میں آپ کو جس خدا کی طرف بلا رہا ہوں یہ صرف فرضی خدا نہیں ہے۔ خیالی خدا نہیں ہے۔ یہ ایسا خدا ہے جس سے مجھے واسطہ پڑ چکا ہے۔ اب بھی پڑتا ہے۔ بچپن میں بھی پڑا اور میں نے اس کو اسی طرح ہمیشہ محبت کرنے والا، پیار کرنے والا اور دعاؤں کو قبول کرنے والا پایا ہے۔ (تشحیذ الاذہان جنوری 1984ء)

خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنی قدر مشترک پیدا کرو

اللہ تعالیٰ نے ہمیں دعا کے مضمون میں بھی یہی بات سکھائی ہے کہ تم میرے ساتھ اپنی قدر مشترک پیدا کرو۔ یہ نہ ہو کہ تم غیر کے بنے رہو اور پھر مجھے پکارو اور پھر یہ خیال کرو، یہ وہم دل میں لاؤ کہ میں ضرور تمہاری پکار کا جواب دوں گا۔ آنحضرت ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

واذا سالك عبادی عنی (البقرہ:187)

جب میرے بندے میرے متعلق سوال کریں فانی قریب تو میں تو قریب ہوں۔ یہاں لوگ بعض دفعہ لفظ عبادی کا مفہوم نہ سمجھنے کے نتیجے میں غلط نتیجے نکال لیتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ عبادی سے مراد ہر کس و ناکس ہر قسم کا انسان عبادی کے ذیل میں آجاتا ہے خواہ وہ گندا ہو، خواہ وہ گمراہ ہو، خواہ وہ خدا کی ہستی کا منکر یا اسے گالیاں دینے والا ہو، خواہ وہ بندوں پر ظلم کرنے والا ہو۔ عبادی کی ذیل میں وہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہر قسم کے انسان شامل ہو جاتے اور خدا کا ان کو جواب یہ ہے کہ میں تمہارے قریب ہوں حالانکہ واقعۃً ہرگز ایسی بات نہیں ہے۔ خدا اسی کے قریب ہوتا ہے جو خدا کے قریب ہو اور عبادی سے مراد یہاں وہ غلام ہیں جو عبادت کے ذریعے خدا کے رنگ سیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ جب پوچھیں کہ ہمارا خدا کہاں ہے تو خدا جواب دیتا ہے فانی قریب میں تو تمہارے ساتھ رہتا ہوں۔

پس پہلے قرب شخصیت کا ہونا چاہئے، پہلے قرب خصلتوں کا ہونا چاہئے، عادات کا ہونا چاہئے، مزاج کا ہونا چاہئے، انسانی رجحانات کا قرب ہونا چاہئے۔ ان سارے قرب کے ذریعوں کو استعمال کرتے ہوئے آپ خدا کے قریب ہونے کی کوشش

کریں تو پھر آپ عبد بنیں گے اور اگر آپ خدا کے مزاج کے مطابق اپنا مزاج ڈھالنے کی کوشش کریں تو پھر دیکھیں کہ کس طرح خدا آپ کے قریب ہے۔ انسان جب انسان کے قریب ہوتا ہے یا حیوان حیوان کے قریب ہوتا ہے ......ان میں آپس میں ایک محبت اور دوستی کا گہرا تعلق پیدا ہو جاتا ہے اور ایک دوسرے کے لئے پھر وہ مدد کرنے پر بھی آمادہ ہوتے ہیں اور قربانی کرنے پر بھی آمادہ ہوا کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا سلوک اپنے بندوں سے اس سے بھی بڑھ کر ہے۔ وہ لوگ جو خدا کے بن جاتے ہیں اور خدا کی صفات اپنے اندر جاری کرنے کی کوشش کرتے ہیں ان کی دعاؤں کو غیر معمولی قبولیت عطا کی جاتی ہے۔ (خطبہ جمعہ 15 ستمبر 1989ء)

سورۃ فاتحہ جیسی عظیم الشان دعا اور کوئی نہیں

افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ 31 جولائی 1987ء میں فرماتے ہیں:

سب سے اعلیٰ، سب سے افضل، سب سے جامع اور مانع دعا سورۃ فاتحہ ہے۔ اس لئے یہ بھی عادت ڈالیں کہ سورۃ فاتحہ کو بار بار مختلف زاویوں سے الٹ پلٹ کرتے نئے نئے مطالب اپنی ضرورتوں کے مطابق اس کے سانچے میں ڈھال کر خدا سے اس سورۃ فاتحہ کے ذریعہ دعا کی عادت ڈالیں چونکہ اسی کا نام فاتحہ ہے یعنی اس کا ایک نام فاتحہ ہے اس لئے ہر افتتاح پر اس کا پڑھا جانا ضروری ہے اور ہر افتتاح کے لئے اس سے بہتر اور کامل دعا اور کوئی ہو نہیں سکتی۔ اس لئے آج ہی اس بات پر عمل شروع کریں۔ اس سے پہلے بہت سے احمدی جو حضرت مسیح موعود کی کتب کا مطالعہ کرتے ہیں جانتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ جیسی عظیم الشان دعا اور کوئی نہیں ہے اور اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں لیکن آج خصوصیت کے ساتھ سورۃ فاتحہ کے مطالب میں گھل مل کر اپنی ضرورتیں سورۃ فاتحہ کی کشتی میں سجا کر اپنے رب کے حضور پیش کریں۔

دعاؤں کا فیض

افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ 28 جولائی 1995ء میں فرماتے ہیں:

حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے سب کام دعا ہی سے چلتے تھے اور یہ سب فیض جو آج آپ دیکھ رہے ہیں، یہ خدا کا فیض جو آسمان سے نازل ہو رہا ہے تمام دنیا کے براعظموں پر آسمان سے رحمتوں کی بارش بن کے برس رہا ہے۔ میں کامل یقین رکھتا ہوں کہ محمد مصطفیٰ ﷺ کی دعاؤں کا فیض ہے۔ جو آج نازل ہو رہا ہے......پس آج خدا کا وہ وعدہ پورا ہوا اور ان دعاؤں ہی کی برکت ہے کہ جماعت احمدیہ کو دنیا میں قائم کیا گیا۔ پس دعاؤں ہی کا فیض ہے جو آپ پا رہے ہیں، دعاؤں ہی کا فیض ہے جو آئندہ

آپ کے لئے تمام قسم کی سعادتیں اور برکتیں لاتا رہے گا اس دنیا میں بھی اور اُس دنیا میں بھی، آنحضرت ﷺ دعا کی تحریص کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

اللہ تعالیٰ بڑا حیا والا ہے بڑا کریم اور سخی ہے۔ (ایک حیا کریمی کی حیا ہوتی ہے، ایک حیا گنہگار کی حیا بھی ہوتی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے حیا والا کہتے ہی فرمایا! اس کی حیا کریمی کی حیا ہے، ایک معزز انسان بعض دفعہ انکار کر ہی نہیں سکتا) فرمایا بڑا کریم اور سخی ہے۔ جب بندہ اس کے حضور اپنے دونوں ہاتھ بلند کرتا ہے تو وہ ان کو خالی اور ناکام واپس کرنے سے شرماتا ہے (ترمذی کتاب الدعوات حدیث نمبر 3479) یعنی صدق دل سے مانگی ہوئی دعا کو وہ رد نہیں کرتا بلکہ قبول فرماتا ہے۔

فلسفہ دعا

حضرت اقدس مسیح موعود ایسے زمانے میں مبعوث ہوئے کہ دنیا ہی کی نہیں بلکہ (-) کی اکثریت بھی دعا سے غافل ہو چکی تھی اور وہ جو بظاہر دعا کے قائل نظر آتے تھے وہ بھی اس کے فلسفہ اور باریک حکمتوں کا بہت کم علم رکھتے تھے یہاں تک کہ (-) ہی میں ایک ایسا گروہ بھی پیدا ہوا جو دعا کی تاثیر اور قوت ہی سے منکر ہو چکا تھا اور اسے ایسا بے حقیقت جانتا تھا کہ گویا دعا اپنی طاقت میں ہوا کے ایک خفیف جھونکے سے بھی کمزور تر ہے اور ایک خزاں رسیدہ پتے کو بھی ہلانے کی طاقت نہیں رکھتی۔

حضرت اقدس مسیح موعود نے ...... فطرت انسانی کو اس امر پر گواہ ٹھہرایا کہ بندے اور رب کے درمیان دعا کا تعلق ایک ثابت شدہ حقیقت ہے جسے قبول کئے بغیر ایک سلیم العقل انسان کے لئے چارہ کار نہیں۔ پھر اس نظریاتی بحث پر ہی اکتفا نہ فرمائی بلکہ اپنے وجود کو ایک زندہ ثبوت کے طور پر پیش کیا۔ یہ ایک ایسا وجود تھا جس کا ماضی حال اور مستقبل اور تمام گرد و پیش قبولیت دعا کے حق میں گواہی دے رہے تھے۔ ماضی اس طرح کہ آنحضورؐ کی ان دعاؤں کا آپ ثمرہ تھے جن کے نتیجے میں (دین) کو چودھویں صدی کے سر پر مذاہب غیر پر غالب کرنے والا ایک عظیم الشان سپہ سالار عطا ہونا تھا۔ حال اس طرح کہ آپ کی دعائیں شب و روز اس طرح قبول ہو رہی تھیں جیسے باران رحمت برس رہی ہو اور اپنے اثر میں اتنی وسیع تھیں کہ لاکھوں کروڑوں قبولیت دعا کے گواہ آپ کے اپنے زمانے میں پیدا ہوئے اور ان کے دلوں نے لاریب کے نعرے لگائے۔ مستقبل اس طرح کہ آپ نے اپنی دعاؤں کے ایسے عظیم الشان ثمرات آئندہ نسلوں کو فیض پہنچانے کے لئے پیچھے چھوڑے جنہوں نے زمین کے کناروں تک شہرت پائی اور اطراف عالم نے زبان حال سے گواہی دی کہ ہاں اے محمد عربی ﷺ کی دعاؤں کے ثمرہ! دعائیں قبول ہوتی ہیں اور ضروری ہوتی ہیں اور ضرور ہوتی ہیں۔

(تقریر بر موقع جلسہ سالانہ 1968ء)

دعا ہماری کوششوں میں رنگ بھرتی ہے

اے میرے عزیزو! آپ کامل یقین اور توکل اور صبر اور استقلال اور جانسوزی اور وفاداری کے ساتھ اپنی صلاحیتوں سے کام لیتے ہوئے ان روشن دنوں کو قریب تر لانے کی کوشش کرتے رہیں جن کا آنا آسمان پر مقدر ہو چکا ہے اور دعا سے بھی کسی وقت غافل نہ رہیں۔ کیونکہ دعا ہی ہے جو ہماری کوشش کے بے رنگ خاکوں میں رنگ بھرتی ہے اور ہمارے منصوبوں کی بے جان تصویروں کو زندگی عطا کرتی ہے۔ بظاہر یہ کام ہماری طاقت سے بڑھ کر اور سخت مشکل بلکہ محال نظر آتا ہے مگر بہر حال یہ ہو کر رہے گا۔ یہ ایک تقدیر مبرم ہے جسے کوئی ٹال نہیں سکتا۔

(پیغام سوونیئر مجلس خدام الاحمدیہ UK 1985ء)

دعا کی قبولیت کا اعمال سے گہرا تعلق ہے

دعا کی قبولیت کے لئے انسانی اعمال کو بہت گہرا دخل ہے اور اعمال میں سے وہ حصہ اعمال جن کا خدا تعالیٰ کی طرف بڑھنے سے تعلق ہے۔ جب تک کسی کے ساتھ کوئی دوستی کا تعلق قائم نہ ہو اس وقت تک وہ اس کی آواز پر لبیک نہیں کہتا۔ آواز پر لبیک کہنے کے لئے گہرے رشتے ہونے ضروری ہیں اور جتنا زیادہ یہ رشتہ گہرا ہوگا اتنا ہی زیادہ طبعی جوش کے ساتھ انسان دوسرے کی آواز پر لبیک کہتا ہے۔ جس طرح ایک بچے کی پکار پر ماں لبیک کہتی ہے اس طرح آپ کو دنیا کے رشتوں میں کوئی اور مثال دکھائی نہیں دے گی لیکن وہی نرم دل ماں جو اپنے بچے کے لئے بعض اوقات اتنا بے قرار ہوتی ہے کہ اپنی زندگی کے ہر آرام کو جہنم میں جھونک دینے کے لئے تیار ہو جاتی ہے غیروں کی آوازیں سنتی ہے تو اس کے دل میں وہ حرکت پیدا نہیں ہوتی۔

(خطبہ جمعہ 15 ستمبر 1989ء)

صبر کے ساتھ دعا میں لگے رہو

قرآن کریم نے فرمایا ہے۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ کہ اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو اپنے صبر کو ایک فعال قوت میں تبدیل کرتے رہو۔ استعینوا صبر کے نتیجہ میں خدا سے دعا مانگو اور مدد چاہو اگر مایوسی ہو تو مدد چاہنے کا کوئی سوال ہی باقی نہیں رہتا۔ ہمیشہ تمہارے صبر کے ساتھ ایک امید کا پہلو زندہ رہنا چاہئے اور صبر کے نتیجہ میں خدا کی طرف مدد کا ہاتھ بڑھاتے رہو اور کامل یقین کے ساتھ کہ کسی نہ کسی وقت اللہ تعالیٰ کی مدد آ کر تمہاری مشکلات کو دور فرما دے گی......

دوسرا معنی استعینوا بالصبر یہ بھی ہے...... کہ جب خدا سے مدد مانگا کرو تو صبر کے ساتھ مدد مانگا کرو۔ چند دن مدد مانگ کے چھوڑ نہیں دینا، دعا میں جلدی نہیں کرنی، جلدی نتیجے نکلنے کی تمنا رکھتے ہوئے دعائیں نہیں کرنی بلکہ دعا میں بھی صبر کے مضمون کو داخل کر دو۔ استعینوا بالصبر خدا سے اس طرح مدد مانگو کہ ہمیشہ مانگتے ہی چلے جاؤ اور مدد مانگتے ہوئے کبھی نہ تھکو اور مدد مانگنے کے طریق کو مستقل پکڑ کے بیٹھ رہو۔ صبر کا معنی اس پہلو سے وفا کے ساتھ کسی چیز پر قائم ہو جانا ہے۔ تو استعینوا بالصبر کا مطلب ہے کہ کامل وفا کے ساتھ دعا پر لگے رہو اور کسی حالت میں بھی دعا نہیں چھوڑنی، کسی حالت میں بھی یہ خیال نہیں کرنا کہ ہماری دعا چونکہ قبول نہیں ہوئی اس لئے اب دعا کرنا عبث ہے۔ چنانچہ انبیاء کی جو دعائیں قرآن کریم میں ملتی ہیں ان میں یہ مضمون بھی بیان ہوا ہے کہ صبر کے ساتھ دعائیں کرنے والے نبی بعض ایسے تھے جنہوں نے آخر خدا کو پکار کے یہ کہا کہ ہماری دعاؤں میں اتنا صبر ہے کہ ہمارے بال سفید ہو گئے، ہماری ہڈیاں گل گئیں اور بظاہر ناممکن ہے کہ اس حالت میں اولاد عطا ہو لیکن اے خدا! دیکھ میری دعا کا صبر کہ آج بھی اس یقین کے ساتھ دعا کر رہا ہوں کہ کبھی میں تجھ سے دعائیں مانگتے ہوئے بے بخت ثابت نہیں ہوا، بدنصیب ثابت نہیں ہوا۔ تو صبر کے اس مضمون کو اس نے اور بھی کئی چاند لگا دیئے۔ محاورہ تو چار چاند لگانے کا ہے مگر میں نے عمداً کئی چاند کہا ہے۔ حیرت انگیز طور پر یہ مضمون لامحدود ہو جاتا ہے۔ صبر کرو استعانت کے ساتھ، خدا سے دعا مانگتے ہوئے یعنی ہمیشہ اس یقین پر قائم رہو کہ تمہاری مصیبت تمہیں مغلوب نہیں کر سکے گی۔ دوسرے دعا میں صبر کرو اور دعا کا دامن کبھی نہ چھوڑو۔ یہ دو باتیں جب ایک دوسرے کے ساتھ پیوستہ ہوتی ہیں، ایک دوسرے کو طاقت دیتی ہیں تو صبر کا مضمون جو ہے عظیم الشان بن جاتا ہے اور لامحدود ہو جاتا ہے۔

(خطبہ جمعہ 15 اگست 1986ء)

دعاؤں کے پھل

ہم اپنے بچوں کی توجہ دعاؤں کی طرف اس لئے مبذول کرواتے ہیں تا کہ انہیں یہ اہمیت واضح ہو کہ اس کے نتیجے میں خدا تعالیٰ کے فضل نازل ہوں گے اور شاید ہی کوئی ایسا احمدی گھرانہ ہو جس کے بچے نے اپنی دعاؤں کے پھل نہ پائے ہوں اور اگر بالفرض ہم بعض اوقات ناامید بھی ہو جائیں تو ہمارے بچے یقین دلا دیتے ہیں کہ خدا تعالیٰ ہماری دعاؤں کے نتیجہ میں ضرور فضل فرمائے گا۔ لہٰذا بجائے اس کے کہ والدین اپنے بچوں کو کہیں کہ فکر کی بات نہیں ہے، بچے اپنے والدین کی فکرمندی دور کر دیتے ہیں۔ اور یہی چیز ایک حقیقت حال بن کر سامنے آ جاتی ہے اور دعاؤں کے معجزات کی وجہ سے ان کے اندر ایک نئی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔

(خطاب تقریب آمین 16 مئی 1985ء)

میری پیاری امی جان محترمہ صدیقہ بانو صاحبہ

مکرم عبدالوحید بھٹی صاحب

میری امی جان کا نام صدیقہ بانو تھا اور آپ عبدالرزاق بھٹی صاحب صدر محلہ بشیر آباد و کارکن نظارت امور عامہ کی اہلیہ تھیں۔ آپ 1957ء میں پیدا ہوئیں۔ آپ کی شادی 1979ء میں ہوئی۔ آپ کے چار بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔ آپ نے اپنی عمر کے آخری سال مرکز ربوہ میں ہی گزارے اور 31 دسمبر 2014ء کو ربوہ میں ہی اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں۔

میری پیاری امی جان بہت ہی اچھے اخلاق اور بہت سی خوبیوں کی مالک تھیں۔ آپ ایک ان پڑھ عورت تھیں۔ سکول بالکل نہیں گئیں۔ مگر احسن طریق سے آپ نے گھر کا نظام چلایا۔ مجھے یاد ہے کہ آج سے 10،15 سال پہلے جب صرف میرے والد صاحب کی آمد سے ہی گھر چلتا تھا امی جان نے اس وقت جس احسن طریق سے گھر کا نظام چلایا کہ ہمیں کبھی بھی کسی چیز کی کمی کا احساس نہیں ہونے دیا اور ہم میں یہ عادت پختہ کر دی کہ جو ہے اسی میں گزارا کرنا ہے۔ کبھی کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلانا۔

امی جان نے ہم سب بہن بھائیوں کو خود گھر میں قرآن کریم پڑھایا اور مکمل کروایا اور صبح فجر کی نماز کے بعد تلاوت کرنے کی تلقین کرتیں۔ جب نماز کی عمر کو پہنچے تو گھر میں ہی نماز پڑھنے کی عادت سختی سے ڈلوائی۔ عشاء کی نماز پڑھے بغیر اگر کوئی سو بھی جاتا تو اس کو بیدار کر کے نماز پڑھنے کو کہتیں۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے ہماری برادری کافی وسیع ہے اور خاکسار کے گھر کو یہ خاصیت اور مقام حاصل ہے کہ ہمارے گھر میں عزیز و اقارب کے علاوہ محلہ کے لوگوں کا اکثر آنا جانا رہتا ہے۔ خاکسار نے ان سب کے آنے پر ہمیشہ اپنی والدہ کو خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ کوئی بھی آتا تو چائے کے بغیر بالکل نہیں جانے دیتی تھیں اور اگر کھانے کا وقت ہوتا تو خوشی سے انہیں کھانا پیش کر دیتیں۔ مجھے نہیں یاد کہ کبھی کسی مہمان کے آنے سے آپ نے ناراضگی یا خفگی کا اظہار کیا ہو۔ بلکہ اگر طبیعت خراب بھی ہوتی تو مہمان کے ساتھ بیٹھ کر اپنے آپ کو بہتر محسوس کرتیں۔ دوسری نمایاں خوبی آپ کا ہر ایک کے دکھ درد اور خوشی کے موقعہ پر شامل ہونا ہے۔ خاکسار کا یہ ذاتی مشاہدہ ہے کہ خاندان میں یا کسی بھی واقف کار کے بارہ میں سنتیں کہ وہ بیمار ہے تو خواہ اپنی طبیعت کیسے بھی ہوتی آپ اس کا پتا کرنے ضرور جاتیں۔ آپ کو پچھلے کافی سالوں سے گھٹنوں کی تکلیف تھی جس سے چلنے میں خاصی دقت محسوس ہوتی مگر اس کے باوجود آپ ضرور جاتیں۔ ہمارے ایک عزیز نے آپ کی وفات کے بعد آپ کا ذکر خیر کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارا گھر اوپر والی منزل پر تھا جس پر سیڑھیاں چڑھ کر آنا پڑتا تھا، ایک دن آپ تکلیف کے باوجود میرا پتا کرنے آئیں۔ دروازے کو باہر سے کنڈی لگی ہوئی تھی۔ آپ سمجھیں کہ گھر میں کوئی نہیں ہے۔ آپ ایک اور عزیز کی طرف چلی گئیں۔ باتوں باتوں میں انہوں نے بتایا کہ جن کو وہ ملنے گئی تھیں وہ گھر پر ہی ہیں۔ آپ پھر دوبارہ آئیں اور ان سے مل کر حال دریافت کیا۔

میری امی جان غریبوں اور ضرورت مندوں کا بہت خیال رکھنے والی تھی اپنوں اور غیروں میں سے ضرورت مندوں کی چپکے سے مدد کرتی رہتیں اور ان کو احساس تک نہ ہونے دیتیں۔ ہمارے گھر کام کرنے والی ماسی کا بھی بہت خیال رکھتیں۔ ماسی گھر آتے ہی کام شروع کرنے سے پہلے کچن میں جاتی، وہاں چائے کا کپ لیتی اس کو ختم کر کے پھر کام شروع کرتی۔

چندوں کی ادائیگی میں آپ بہت باقاعدہ تھیں۔ سال کے شروع میں ہی ہر چندہ اور اپنا وصیت کا حصہ ادا کر دیتیں۔ نمازوں اور تلاوت قرآن میں آپ بہت باقاعدہ تھیں ہر سال رمضان میں قرآن کریم کے دو دور ضرور کرتیں اور جب بھی دور مکمل کرتیں تو سب کو کہتیں کہ دیکھو میں نے دور مکمل کر لیا اور آپ ابھی تک نہ کر سکے۔ اپنی زندگی کے آخری رمضان میں طبیعت کی ناسازی کی وجہ سے آپ نے صرف ایک دور مکمل کیا۔

الفضل کا باقاعدگی سے مطالعہ کرتیں اور اسی طرح جماعتی رسائل کا بھی باقاعدگی سے مطالعہ کیا کرتی تھیں۔ صفائی کا بہت زیادہ خیال رکھتیں گھر کی صفائی کا خود خیال رکھتی تھیں۔ پھولوں اور پودوں کا بہت شوق تھا ہمارے گھر کا صحن چھوٹا ہے مگر آپ نے اس میں بہت سارے گملے پھولوں کے لا کر رکھے تھے اور باقاعدگی سے ان کو پانی اور ان کی صفائی وغیرہ کیا کرتی تھیں اور اسی طرح اگر کسی کے گھر کوئی نیا پودا پھول کا دیکھتیں تو اس کو بھی کوشش کر کے گھر لاتیں۔ گھٹنوں میں تکلیف کے باوجود خود ذاتی دلچسپی سے یہ سارے کام کرتیں۔ بہو کی حیثیت سے بھی امی جان ایک مثالی بہو تھیں۔ دادا جان، چھوٹے چچا اور دو پھوپھیاں شروع سے ہی ہمارے ساتھ رہتے تھے۔ ہماری دادی جان امی جان کی شادی سے پہلے وفات پا چکی تھیں اس لحاظ سے امی نے ایک مثالی بہو کی شکل میں بچوں کی احسن رنگ میں پرورش کرنے اور ان کی شادی کے انتظامات کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ دادا جان کی بھی اپنی خود طبیعت ٹھیک نہ ہونے کے باوجود آخری عمر میں ان کی بھی خوب خدمت کرنے کی توفیق ملی۔ دادا جان صاحب فراش اور چلنے پھرنے سے معذور ہیں اس کے باوجود پھوپھو کے ساتھ مل کر دادا جان کی بھرپور خدمت کی توفیق ملی۔

میری پیاری امی جان کی وفات سے چند دن پہلے ایک دوست کا میسج آیا کہ ڈاکٹروں کی تحقیق نے یہ بات ثابت کی ہے کہ اگر ماں سے فون پر بھی بات کر لی جائے تو انسان کی ٹینشن ختم ہو جاتی ہے۔ ہم سب کا ذاتی مشاہدہ ہے ماں ایک ایسی ٹھنڈی چھاؤں ہوتی ہے جس کے سایہ میں تمام بچے اپنے آپ کو محفوظ اور پُرسکون سمجھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ میری امی جان کے درجات بلند سے بلند کرتا چلا جائے اور ہم سب بہن بھائیوں اور خاص طور پر ہمارے والد صاحب کو یہ صدمہ برداشت کرنے اور امی جان کی نیکیوں اور اعلیٰ نمونوں کو اپنی زندگیوں میں جاری رکھنے کی توفیق دے۔ آمین

بیت الاحد جاپان میں دعوت الی اللہ کے دو پروگرام

مکرم انیس احمد ندیم صاحب

20 نومبر 2015ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے بیت الاحد جاپان کا افتتاح فرمایا۔ اس موقع پر اخبارات اور ٹی وی کے نمائندگان کی ایک کثیر تعداد موجود تھی۔ ان خبروں کے ذریعہ جاپان بھر میں بیت الذکر کے افتتاح کا خوب چرچا ہوا اور کئی اخبارات نے بیت الذکر کے تعارف کے حوالہ سے تعارفی فیچرز شائع کئے۔

بیت الاحد کے افتتاح کے بعد انفرادی اور گروپس کی صورت میں بیت الذکر کی زیارت کرنے والوں کا سلسلہ جاری ہے۔ روزانہ نمازوں کے اوقات کے علاوہ بھی جاپانی احباب بیت الذکر تشریف لا کر احمدیت کے بارہ میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

احمدیت کے بارہ میں جاپانیوں کی معلومات بڑھانے کیلئے انفرادی پروگراموں کے علاوہ ماہانہ بنیاد پر ”زیارت بیت الذکر اور احمدیت کے تعارف“ کے عنوان سے معلوماتی پروگراموں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ 9،10 جنوری 2016ء کو منعقد ہونے والے پہلے دو روزہ پروگرام کے ذریعہ انفرادی اور گروپس کی صورت میں 33 احباب کے ساتھ دعوت الی اللہ کی نشستیں منعقد ہوئیں۔

